روزنامہ جنگ کراچی منگل 3/اپریل 2012ء

THE LINDE GROUP

Linde

اطلاع برائے سالانہ جلسۂ عام

بذریعہ ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ Linde Pakistan Limited (Formerly BOC Pakistan Limited) کا تریسٹھواں (۶۳واں) سالانہ جلسۂ عام بتاریخ ۲۵/اپریل ۲۰۱۲ء بروز بدھ، بوقت ساڑھے نو بجے صبح، کمپنی کے رجسٹرڈ آفس بمقام ویسٹ وہارف، ڈاکیارڈ روڈ کراچی پر منعقد ہوگا، جس میں درج ذیل کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

عمومی کارروائی:

۱۔ ۳۱/دسمبر ۲۰۱۱ء کو کمپنی کے ختم ہونے والے سال کی فرد حسابات اور اُس پر ڈائریکٹران اور آڈیٹران کی رپورٹوں کی وصولی اور اُن پر غور۔

۲۔ کمپنی کے ڈائریکٹران کی سفارش کے مطابق ۳۱/دسمبر ۲۰۱۱ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے لئے ۱۰ روپے کے ہر عام حصے پر پانچ روپے کے حتمی منافع کی ادائیگی پر غور اور اگر مناسب سمجھا گیا تو اُس کی منظوری دینا، جو اُن حصص یافتگان کو ادا کئے جائیں گے جن کے نام ۱۱/اپریل ۲۰۱۲ء کو کاروباری اوقات کے خاتمے تک حصص یافتگان کے رجسٹر میں درج ہوں گے۔

۳۔ کمپنی کے آڈیٹران کا تقرر اور اُن کے معاوضے کا تعین۔

بحکم بورڈ

محمد اشرف باوانی

کراچی: ۲۷/فروری ۲۰۱۲ء　　ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر

نوٹس:

i۔ کمپنی ممبران کیلئے کراچی اسٹاک ایکسچینج کے پارکنگ ایریا بمقام احاطہ پاکستان ریلوے، ٹاور سے ٹرانسپورٹ کی سہولت میسر ہوگی جو ۲۵/اپریل ۲۰۱۲ کو ٹھیک ۸:۴۵ بجے صبح روانہ ہوگی۔

ii۔ کمپنی کے حصص کی منتقلی کا رجسٹر ۱۲/اپریل سے ۲۵/اپریل ۲۰۱۲ء (بشمول دونوں دن) بند رہے گا۔

iii۔ سالانہ جلسۂ عام میں شرکت، بولنے اور ووٹ کا استحقاق رکھنے والے کسی بھی ممبر کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ میٹنگ میں شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کے لئے اپنی جگہ کسی کو عیوضی مقرر کردے، جسے میٹنگ میں بولنے اور ووٹ دینے کے وہی اختیارات حاصل ہوں گے جو ایک ممبر کو حاصل ہیں۔ عیوضی کے مؤثر ہونے کے لئے ہر لحاظ سے دُرست اطلاع نامہ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جلسہ شروع ہونے سے کم از کم ۴۸ گھنٹے پہلے موصول ہونا چاہیئے۔ عیوضی کو لازمی طور پر کمپنی کا ممبر ہونا چاہیئے۔ ماسوائے اس صورتحال کے کہ کوئی کارپوریشن کمپنی کی ممبر ہو اور وہ اپنے کسی افسر یا کسی اور فرد کو عیوضی مقرر کردے چاہے وہ کمپنی کا ممبر نہ ہو۔

iv۔ حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتہ میں ہونیوالی کسی تبدیلی سے فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار، سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، شیئر رجسٹرار ڈپارٹمنٹ، سی ڈی سی ہاؤس B-99، بلاک B، سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، مین شاہراہ فیصل کراچی ۷۴۴۰۰ کو مطلع کریں۔

مزید برآں سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر نمبر ۱، مورخہ ۲۶/جنوری ۲۰۰۰ء میں درج رہنما ہدایات کی پیروی کرنا ہوگی۔ ان رہنما ہدایات کو ممبران کو بھیجے جانے والے نوٹس میں شامل کردیا گیا ہے۔